دعائیں

# قَرِيبٌ مُّجِيبٌ

LIVE

Taught By

**Dr. Farhat Hashmi**

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

| وَ اِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِیْ | عَنِّیْ |
| --- | --- | --- | --- |
| اور جب | سوال کریں آپ سے | میرے بندے | میرے بارے میں |

| فَاِنِّیْ | قَرِیْبٌ |
| --- | --- |
| تو بے شک میں | قریب ہوں |

| اُجِیْبُ | دَعْوَةَ | الدَّاعِ |
| --- | --- | --- |
| میں جواب دیتا ہوں | دعا کا | دعا کرنے والے کی |

| اِذَا | دَعَانِ |
| --- | --- |
| جب | وہ دعا کرے مجھ سے |

| فَلْیَسْتَجِیْبُوْا | لِیْ |
| --- | --- |
| پس ضرور وہ حکم مانیں | میرا |

| وَلْیُؤْمِنُوْا | بِیْ |
| --- | --- |
| اور ضرور وہ ایمان لائیں | مجھ پر |

| لَعَلَّهُمْ | یَرْشُدُوْنَ ﴿186﴾ |
| --- | --- |
| تا کہ وہ | وہ ہدایت پائیں |

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# رمضان اور دعائیں

## قَرِيبٌ مُّجِيبٌ

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ (البقرة: 186)

اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو (کہہ دیجئے) بے شک میں قریب ہوں میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو ان کو چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ [هود:61]

سو اس سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف پلٹ آؤ، یقیناً میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔

# اللہ کے لیے تعریفی کلمات

الْحَمْدُ لِلَّهِ الْمُتَّصِفِ بِالْجَلَالِ وَالْكَمَالِ، اَلْمُنَزَّهِ عَنِ الأَنْدَادِ وَالْأَشْبَاهِ وَالْأَمْثَالِ، قَيُّومٌ لَا يَنَامُ، عَزِيْزٌ لَا يُرَامُ، نَحْمَدُهُ -سُبْحَانَهُ- أَنْ هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ، وَنَشْكُرُهُ عَلَى مَا حَبَانَا بِهِ مِنَ الْفَضْلِ وَالْإِنْعَامِ

تمام قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے، جو جلال اور کمال سے متصف ہے، وہ ہمسر، شبیہ اور ہم مثل سے پاک ہے، وہ تمام کائنات کا نظام چلانے والا ہے وہ سوتا نہیں ہے، وہ غالب ہے اس کا قصد نہیں کیا جاسکتا، ہم اللہ سبحانہ کی حمد کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں اسلام کی طرف ہدایت دی، اور ہم اس کا شکر ادا کرتے ہیں اس بات پر کہ اس نے ہمیں اسلام کے ذریعے فضل اور انعام عطا کیا۔



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا



## درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى
آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ
اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

# متفرق دعائیں

وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغَافِلِينَ () إِنَّ الَّذِينَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ [الأعراف: 205، 206]

اور صبح اور شام اپنے دل میں عاجزی اور خوف اور بغیر بلند آواز کیے اپنے رب کا ذکر کیجیے اور آپ غافلوں میں نہ ہوں۔ بے شک وہ (فرشتے) جو آپ کے رب کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور وہ اسی کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔



## آیت سے حاصل ہونے والے فوائد

### ذکر کے آداب

دل سے ذکر کرنا

عاجزی کے انداز پر ہونا

خوف و خشیت کی حالت میں ہونا

اونچی آواز سے نہ ہونا

دل کے ساتھ زبان سے بھی ذکر

ذکر سے غافل نہ ہونا

خشوع و خضوع اور عاجزی کے ساتھ دعا کرنا

حاضر دل سے دعا کرنا

پورے یقین اور اعتماد کے ساتھ دعا کرنا

اللہ کی یاد سے غافل ہونا تکبر ہے

### سجدہ تلاوت

- "وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ" یہ قرآن کے سجودِ تلاوت میں سے پہلا سجدہ تلاوت ہے۔
- تلاوت کرتے ہوئے سجدہ تلاوت والی آیت آنے پر نبی ﷺ اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سجدہ تلاوت کرنا سنت ہے، اس لیے کہ آپ ﷺ اپنے صحابہ کے درمیان بیٹھ کر تلاوت کرتے اور جب آپ ایسی آیت سے گزرتے جس میں سجدہ ہوتا تو آپ سجدہ کرتے اور صحابہ بھی آپ کے ساتھ سجدہ کرتے۔[اسلام سوال جواب]

# متفرق دعائیں

## چاند دیکھنے کی دعا

اللَّهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ
رَبِّي وَرَبُّكَ الله

اے اللہ! مبارک کر ہمیں یہ چاند، برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ، (اے چاند)! میرا اور تمہارا رب اللہ ہے۔



## روزہ افطار کرنے کی دعا

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ

پیاس بجھ گئی، رگیں تر ہو گئیں اور اللہ نے چاہا تو اجر بھی ثابت ہو گیا۔

## روزہ کھلوانے والے کے لیے دعا

أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الأَبْرَارُ وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلاَئِكَةُ

روزے دار تمہارے ہاں افطار کیا کریں، نیک صالح لوگ تمہارا کھانا کھایا کریں اور اور رحمت کے فرشتوں نے تم پر نزول ہو۔

# لیلۃ القدر کی دعا



## شب قدر میں مانگی جانے والی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّىْ

اے اللہ ! بے شک تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف کردے

صحیح ( سنن الترمذی، کتاب الدعوات، [باب فی فضل سؤال العافیۃ]:3513 )

دعائیں

# سجدہ تلاوت کی دعائیں



## مسنون دعاء

سَجَدَ وَجْهِىَ لِلَّذِىْ خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

میرے چہرے نے اس ذات کے لیے سجدہ کیا جس نے اسے اپنی طاقت و قوت کے ذریعہ اسے پیدا کیا، اس کی سماعت اور بصارت (کے لیے سوراخ) کو پھاڑ نکالا! اللہ بہت بابرکت ہے جو بہترین پیدا کرنے والا ہے"

سنن اَبي داوٗد:1414، المستدرک علی الصحیحین للحاکم، ج:802،1

دعائیں

# سجدہ تلاوت کی دعائیں



**مسنون دعاء**

## اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ بِهَا، اَللّٰهُمَّ حُطَّ عَنِّیْ
## بِهَاوِزْرًاوَاَحْدِثْ لِیْ بِهَا
## شُكْرًاوَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ
## مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ سَجْدَتَهٗ

اے اللہ! اس کی وجہ سے میرے گناہ معاف کر دے اے اللہ! اس
کے ذریعے میرے بوجھ دور کر دے اور میرے لیے اس کے ذریعے
شکر (نعمت) پیدا کر دے اور اسے مجھ سے قبول فرمالے جیسا کہ تو
نے اپنے بندے داؤد سے ان کا سجدہ قبول فرمایا تھا

صحیح الترغیب والترھیب:1442

# آندھی و طوفان کے وقت کی دعائیں

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ

اے اللہ میں تجھ سے اس (ہوا) کی بھلائی مانگتا ہوں اور جو کچھ اس میں ہے اس کی بھلائی اور جو اس کے ذریعہ بھیجا گیا ہے اس کی بھی بہتری مانگتا ہوں اور اس کے شر اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر اور جو شر اس کے ذریعہ بھیجا گیا ہے اس سے پناہ مانگتا ہوں۔



## برکت والی آندھی کی دعا

اللَّهُمَّ لَقْحًا، لاَ عَقِيمًا

اے اللہ! بارش والی ہوا ہو، بے برکت نہ ہو۔



# بجلی کی کڑک سن کر تسبیح کرنا

سُبْحَانَ الَّذِي يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ

پاک ہے وہ ذات کہ (بادل) کی گرج جس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتی ہے اور فرشتے بھی اس کے خوف سے (تسبیح کرتے ہیں)۔



# بارش طلب کرنے کے لیے دعائیں

اللَّهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَائِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَأَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ

اے اللہ ! اپنے بندوں اور اپنے جانوروں کو پانی پلا۔ اپنی رحمت عام کر دے اور اپنی خشک زمین کو ترو تازہ کر دے۔

اللَّهُمَّ اسْقِنَا اللَّهُمَّ اسْقِنَا اللَّهُمَّ اسْقِنَا

اے اللہ ! ہم پر بارش برسا، اے اللہ ہم پر بارش برسا !

اے اللہ ہم پر بارش برسا۔



## بارش طلب کرنے کے لیے دعائیں

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مَلِكِ يَوْمِ الدِّينِ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ اللَّهُمَّ أَنْتَ اللَّهُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ أَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا أَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلاَغًا إِلَى حِينٍ

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جو سب جہانوں کا ربّ ہے، بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے، قیامت کے دن کا بادشاہ ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔ اے اللہ! تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو غنی اور ہم محتاج ہیں، ہم پر بارش برسا اور جو تو برسائے اسے ایک مدت تک ہمارے لیے قوت اور مقاصد کے حصول کا ذریعہ بنا"۔

اللّٰھُمَّ اجعل رزقھم علی رؤوس الجبال

اے اللہ! ان کے رزقوں کو پہاڑوں کی چوٹیوں میں پیدا کر دے۔

## بارش کے وقت کی دعائیں

اللّٰھُمَّ صیّباً نافعاً

یااللہ نفع والی بارش برسا۔

# شادی کے موقع پر نئے جوڑے کے لیے دعائیں

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِى خَيْرٍ

اللہ تمہیں برکت دے، تم پر اپنی برکت فرمائے اور تم دونوں کو خیر کے ساتھ اکٹھا رکھے۔

اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ

یااللہ! انھیں برکت دے اور ان پر برکت نازل فرمائے۔



# ازدواجی تعلق کے وقت کی دعا

بِسْمِ اللَّهِ اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

اللہ کے نام سے اے اللہ! ہمیں شیطان سے دور رکھ، اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو ہمیں عنایت فرمائے۔



## بچے کی ولادت کے موقع کی دعا

اللَّهُمَّ بَارِكْ لَهُ

اے اللہ اس کو برکت دے

## نومولود کو برکت کی دعا دینا

جَعَلَهُ اللَّهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ

اللہ اس کو تم پر اور امت محمد پر مبارک بنائے۔



## نئی سواری اور نیا خادم لینے پر دعا



### سواری یا بیوی کی خیر کا سوال

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ

اے اللہ! میں تجھ سے اس کی خیر مانگتا ہوں اور اس کی پیدائشی عادتوں کی بھلائی چاہتا ہوں اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس کی پیدائشی عادتوں کے شر سے

(سنن ابن ماجة:1918)

# نئے گھر میں داخل ہونے کی دعائیں

رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ.

(المومنون:29)

اے میرے رب! مجھے بابرکت جگہ پر اتارنا اور تو اتارنے والوں میں سب سے بہترین ہے۔



# کسی جگہ پڑاؤ کرنے پر

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ میں پناہ لیتا ہوں، ہر اس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی۔ [مسند احمد: 7885]



# ترقی اور کامیابی ملنے پر دعائیں

<u>برکت کی دعا دینا</u>

**قال رسول الله ﷺإذا رأى أحدكم من أخيه ومن نفسه ومن ماله ما يعجبه فليبركه فإن العين حق**

**[السلسلة الصحيحة:2572]**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کسی کو اپنے بھائی کا وجود یا کوئی مال پسند آئے تو اس کے لیے برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر لگ جانا حق ہے۔



# وقت میں برکت کی دعا

اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ صَلَاحَ السَّاعَاتِ، وَالْبَرَكَةَ فِي الْأَوْقَاتِ".

اے اللہ ! ہم تجھ سے گھڑیوں کی اصلاح کا سوال کرتے ہیں اور اوقات کی برکت کا سوال کرتے ہیں۔

اللَّهُمَّ لَا تَدَعْنَا فِيْ غَمْرَةٍ، وَلَا تَأْخُذْنَا عَلَى غِرَّةٍ، وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْغَافِلِيْن

اے اللہ ! ہمیں (ہماری) غفلت میں نہ چھوڑنا اور ہمیں (ہماری) بے خبری میں نہ پکڑ لینا اور ہمیں غافل لوگوں میں سے نہ بنا دینا۔



## اطاعت میں مددگار دعائیں

اللَّهُمَّ إنَّ الصَّالِحِينَ أَنْتَ أَصْلَحْتَهُمْ وَرَزَقْتَهُمْ أَنْ عَمِلُوْا بِطَاعَتِكَ فَرَضِيْتَ عَنْهُمْ ، اللَّهُمَّ فَكَمَا أَصْلَحْتَهُمْ فَأَصْلِحنَا وَكَمَا رَزَقْتَهُمْ أَنْ عَمِلُوْا بِطَاعَتِكَ فَرَضِيْتَ عَنْهُمْ فَارْزُقْنَا أَنْ نَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ وَارْضَ عَنَّا.

اے اللہ! جو نیک لوگ ہیں تو نے ہی ان کی اصلاح فرمائی ہے(اور ان کو نیک بنایا ہے)اور اور تو نے ہی ان کو توفیق دی ہے کہ انہوں نے تیری اطاعت کے ساتھ عمل کیا ہے پس تو ان سے راضی ہو گیا،اے اللہ! جیسے تو نے ان کی اصلاح کی ہماری بھی اصلاح فرما،اور جیسے تو نے ان کو توفیق دی کہ انہوں نے تیری اطاعت پر عمل کیا پھر تو ان سے راضی ہو گیا پس تو ہمیں بھی اپنی اطاعت کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطا فرما اور ہم سے راضی ہو جا۔

## معاویہ بن قرۃ کی دعا

اللَّهُمَّ أَعِزَّنِي بِطَاعَتِكَ ، وَلَا تُخْزِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ ، اللَّهُمَّ ارْزُقْنِيْ مَوَاسَاةَ مَنْ قَتَرْتَ عَلَيْهِ رِزْقِكَ بِمَا وَسِعْتَ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ.

اے اللہ! مجھے اپنی اطاعت کے ساتھ عزت بخش اور اپنی نافرمانی کے ساتھ ذلیل نہ کر،اے اللہ جس کا تو نے رزق تنگ کیا ہے مجھے ان کی غم خواری کی توفیق عطا فرما س وجہ سے کہ تو نے اپنا فضل مجھ پر فراخ کیا ہے۔

## جعفر بن محمد کی دعا

اللَّهُمَّ أَعِزَّنِي بِطَاعَتِكَ ، وَلَا تُخْزِنِي بِمَعْصِيَتِكَ ، اللَّهُمَّ ارْزَقْنِي مَوَاسَاةَ مَنْ قَتَرْتَ عَلَيْهِ رِزْقِكَ بِمَا وَسِعْتَ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ.

اے اللہ ! مجھے اپنی اطاعت کے ساتھ عزت بخش اور اپنی نافرمانی کے ساتھ ذلیل نہ کر، اے اللہ جس کا تو نے رزق تنگ کیا ہے مجھے ان کی غم خواری کی توفیق عطا فرما اس وجہ سے کہ تو نے اپنا فضل مجھ پر فراخ کیا ہے۔

## ھمام بن حارث کی دعا

اِشْفِنِيْ مِنَ النَّوْمِ بِالْيَسِيْرِ، وَاجْعَلْ سَهَرِيْ فِيْ طَاعَتِكْ

اے اللہ ! مجھے تھوڑی نیند کے ساتھ تسلی اور اطمینان عطا فرما (یعنی تھوڑی نیند مجھے کافی ہو جائے) اور میری بیداری کو اپنی اطاعت میں لگا دے

# فہم القرآن میں مددگار دعائیں

رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا (طه:114)

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ کر۔

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي (طه: 25)

اے میرے رب میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔

اللّٰهُمَّ يا معلم إبراهيم علمني ، ويا مفهم سليمان فهمني

اے ابراہیم علیہ السلام کو تعلیم دینے والے رب مجھے تعلیم دے اور سلیمان علیہ السلام کو فہم عطا کرنے والے مجھے فہم عطا فرما

ابن تیمیہ کی دعا

• ابن تیمیہ رحمہ اللہ کو جب کوئی مسئلہ سمجھنا مشکل ہو جاتا تو وہ دعا کرتے اور کہتے اللّٰهُمَّ يا معلم إبراهيم علمني ، ويا مفهم سليمان فهمني تو ان کا اشکال ختم ہو جاتا۔



# نیک ساتھی پانے کی دعا



## نیک ساتھی کی دعا

**اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِي جَلِيسًا صَالِحًا**

اے اللہ! مجھے نیک ساتھی عطا فرما

[صحیح البخاری:3742]

دعائیں

# برے پڑوسی سے بچنے کی دعا



## برے ہمسایہ سے بچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوءِ فِي دَارِ المُقَامَةِ ، فَإِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں مستقل رہائش والی جگہ پر برے پڑوسی سے کیونکہ جنگل کا ہمسایہ تو جدا ہو جاتا ہے (مگر سکونتی گھر کا پڑوسی زندگی بھر کا کینہ جلن رکھتا ہے)

أخرجه النسائي (5502) باختلاف يسير، وأبو يعلى (6536)، والطبراني في ((الدعاء)) (1340)، والحاكم (1951) واللفظ لهم.

دعائیں

## چھینک کے وقت کی دعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ

ہر حال میں اللہ کی تعریف ہے۔

## اپنی تعریف سننے پر دعا

اللّٰهُمَّ لا تؤاخذني بما يقولون، واغفر لي ما لا يعلمون

اے اللہ! یہ لوگ جو (میرے بارے میں) کہتے ہیں اس کا مجھ سے مواخذہ نہ کرنا اور جو (میری کوتاہیاں یہ) نہیں جانتے اس پر مجھے مغفرت عطا کرنا۔



# مرغ کی آواز، گدھے کی آواز اور کتے کے بھونک سن کر پڑھنے کی دعائیں

## مرغ کی آواز سن کر اللہ کے فضل کا سوال کرنا اور گدھے کی آواز سن کر تعوذ پڑھنا

نبی ﷺ نے فرمایا، جب مرغ کی بانگ سنو تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کیا کرو، کیونکہ اس نے فرشتے کو دیکھا ہے اور جب گدھے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے۔

[صحیح البخاری:3303]

## کتے کے بھونکنے پر تعوذ پڑھنا

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم رات کو کتے کے بھونکنے یا گدھے کی ہینکنے کی آواز سنو تو اللہ کی پناہ طلب کیا کرو کیونکہ وہ جو کچھ دیکھتے ہیں وہ تم نہیں دیکھتے۔

[مسند أحمد:14283]

# غصہ کے وقت کی دعا

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ
میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

•سلیمان بن صرد کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے آپ ﷺ کے نزدیک گالی گلوچ کیا ہم بھی وہاں پر بیٹھے ہوئے تھے، اس وقت ان میں سے ایک دوسرے کو غصہ کی حالت میں گالی دے رہا تھا اور چہرہ سرخ ہوگیا تھا،
•آپ ﷺ نے فرمایا میں ایسے کلمات جانتا ہوں کہ اگر یہ ان کو ادا کرتا تو اس کی یہ غصہ کی حالت جاتی رہتی وہ(أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ) کہہ لے،لوگوں نے آدمی سے کہا کہ کیا تو سن رہا ہے،جو رسول اللہ ﷺ فرما رہے ہیں؟اس نے کہا میں دیوانہ نہیں ہوں۔

[البخاري:6115 ]

# فتنوں سے بچنے کی دعائیں

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَأَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَأَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الْأَعْوَرِ الْكَذَّابِ

میں عذاب قبر سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں، میں عذاب جہنم سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں، میں ظاہری اور باطنی فتنوں سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اور میں کانے دجال کے فتنے سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں جو بہت بڑا کذاب ہوگا۔

اللَّهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ أَنْ نَرْجِعَ عَلَى أَعْقَابِنَا أَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِينِنَا

اے اللہ! ہم اس سے تیری پناہ مانگتے ہیں کہ الٹے پاؤں لوٹ جائیں یا اپنے دین کے متعلق کسی فتنے میں مبتلا ہو جائیں۔

## ابن عمر رضی اللہ عنہ کی دعا

اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِنْ أَعْظَمِ عِبَادِكَ نَصِيبًا فِي كُلِّ خَيْرٍ تَقْسِمُهُ الْغَدَاةَ وَنُورًا تَهْدِي وَرَحْمَةً تَنْشُرُهَا وَرِزْقًا تَبْسُطُهُ وَضَرًّا تَكْشِفُهُ وَبَلَاءً تَرْفَعُهُ وَفِتْنَةً تَصْرِفُهَا

اے اللہ! مجھے اپنے تمام بندوں سے زیادہ بڑے نصیبے والا بنا دے ہر اس خیر میں جو آج صبح تو تقسیم کرے اور وہ نور جو تو عطا کرے اور وہ رحمت جس کو تو پھیلا دے اور وہ رزق جس کو تو وسیع کر دے اور وہ تکلیف جس کو تو دور کر دے اور وہ آزمائش جس کو تو اٹھا کر ختم کر دے اور وہ فتنہ جس کو تو پھیر دے۔

# تحفہ دینے والے کے لیے دعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا

اللہ تجھے اچھا صلہ عطا فرمائے۔

سیدنا اسامہ بن زید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ اچھا سلوک کیا گیا اور اس نے اس (نیکی) کے کرنے والے سے جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا کہا تو تحقیق اس نے اس کی پوری تعریف کر دی۔ [سنن الترمذی:2035]

## تحفہ دینے والے کی مدح وثنا کرنا

سیدنا جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جسے کوئی عطیہ دیا جائے تو اگر اسے میسر ہو تو اس کا بدلہ دے اور اگر نہ پائے تو اس کی مدح وثنا کرے۔ جس نے (اپنے محسن کی) مدح کی اس نے اس کا شکریہ ادا کیا اور جس نے اس (کے احسان) کو چھپایا اس نے اس کی ناشکری کی"!

[سنن ابی داؤد:4813]

# دن بھر کی تسبیحات

تسبیحات صدقہ ہیں

عَنْ أَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ يُصْبِحُ عَلَى كُلِّ سُلاَمَى مِنْ أَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ فَكُلُّ تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ وَنَهْىٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَيُجْزِئُ مِنْ ذَلِكَ رَكْعَتَانِ يَرْكَعُهُمَا مِنَ الضُّحَى.[صحيح مسلم:1704]

- ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: صبح کو تم میں سے ہر شخص کے ہر جوڑ پر ایک صدقہ ہوتا ہے،
- پس ہر ایک تسبیح (ایک دفعہ سُبْحَانَ اللہِ کہنا) صدقہ ہے،
- ہر ایک تحمید (اَلْحَمْدُ لِلہِ کہنا) صدقہ ہے،
- ہر ایک تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہنا) صدقہ ہے،
- ہر ایک تکبیر (اَللہُ اَکْبَرُ کہنا) بھی صدقہ ہے،
- نیکی کی تلقین کرنا صدقہ ہے اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔
- اور ان تمام امور کی جگہ دو رکعتیں جو انسان چاشت کے وقت پڑھتا ہے، کفایت کرتی ہیں۔

## نبی ﷺ کا کثرت سے اللہ کی تسبیح بیان کرنا

رسول اللہ ﷺ کثرت کے ساتھ [یہ کلمات] سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ أَسْتَغْفِرُ اللَّهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ کہا کرتے تھے۔ [صحیح البخاری:1156]

# دن بھر پڑھنے والے کلمات

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

[البخاری:6405]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ایک دن میں سو بار کہے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔



## بہترین ذکر

أَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وأَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلَّهِ .

[سنن الترمذي:3383]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے افضل ذکر لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ اور افضل دعا الْحَمْدُ لِلَّهِ ہے۔

## بہترین کلمات

سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: چار کلمات سب سے افضل ہیں۔ جس کلمے سے بھی شروع کرو کوئی حرج نہیں: سُبْحَانَ اللَّهِ ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ ، وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ

[سنن ابن ماجۃ:3811]



## گناہوں کو جھاڑنے والے کلمات

•انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے درخت کے پاس سے گزرے جس کے پتے سوکھ چکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر اپنی لاٹھی ماری تو اس کے پتے جھڑنے لگے۔

•پھر آپ نے فرمایا **الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ** کہنے سے بندے کے گناہ اسی طرح جھڑتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے جھڑے۔

[سنن الترمذی:3533]

## جنت کا خزانہ

•ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: ہم ایک سفر پر نبی ﷺ کے ہمراہ تھے ۔۔۔ تو آپ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! تم **لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ** پڑھا کرو کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ یا آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہاری (جنت کے خزانے کی طرف) راہ نمائی نہ کروں؟۔ [صحیح البخاری:7386]



## میزان میں بھاری کلمات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں لیکن میزان میں بھاری ہیں اور رحمن کو محبوب ہیں

سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ۔

[صحیح البخاری:6682]

## کفارہ مجلس کی دعا

سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

پاک ہے تو اے اللہ! اور سب تعریف تیرے لیے ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں

[سنن الترمذي:3433]

